18.11.2024

21.15 Hrs

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

Music

........................................................................

☆ برازیل کے شہر Rio de Janeiro میں انیسواں جی ٹوئنٹی Summit بھوک ، غربت اور عدم مساوات کے خلاف لڑائی پر توجہ کے ساتھ جاری ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ Summit میں کئے گئے فیصلے اِسی صورت میں کامیاب ہوسکتے ہیں، جب عالمی جنوب کے مسائل اور ترجیحات کو ذہن میں رکھا جائے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی Summit کے موقع پر مختلف عالمی لیڈروں سے میٹنگیں کریں گے۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج لگاتار دوسرے دن منی پور کی سکیورٹی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ ریاست میں مرکزی مسلح پولیس فورس کی 50 مزید کمپنیاں تعینات کی جائیں گی۔

☆ جھارکھنڈ اور مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم اپنے عروج پر پہنچ کر ختم ہوگئی ہے۔ چار ریاستوں کے 15 اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کیلئے بھی چناؤ مہم ختم ہوگئی ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے دلّی اور اُس سے ملحق ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ GRAP Four پابندیاں عائد کرنے کیلئے ٹیمیں تشکیل کرے ۔ دلّی NCR خطے میں اے کیو آئی Severe - Plus کی سطح پر پہنچ گیا ہے۔

☆ اور امریکی میڈیا کی خبروں کے مطابق امریکہ نے یوکرین کو روس کے اندرون حملے کیلئے اُس کے ہتھیار استعمال کرنے کی اجازت دے دی ہے۔

........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *REV BRAZIL - G 20 SUMMIT*

انیسویں جی ٹوئنٹی سربراہ کانفرنس آج شام برازیل کے شہر Rio De Janeiro کے میوزیم آف ماڈرن آرٹ میں منعقد ہوئی، جس میں بھوک ، غربت اور عدم مساوات کے خلاف لڑائی پر توجہ مرکوز کی گئی۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھوک اور غربت کے خلاف لڑائی اور سماجی شمولیت کے موضوع پر Summit کے مکمل اجلاس میں حصہ لیا۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ ایک کرۂ زمین ، ایک خاندان،

ایک مستقبل جی ٹوئنٹی برازیل **Summit** میں بھی اُتنا ہی معنویت کا حامل ہے، جتنا پچھلے برس دلّی میں منعقدہ **Summit** میں تھا۔ انہوں نے کہا کہ نئی دلّی میں منعقدہ جی ٹوئنٹی **Summit** میں کئے گئے عوام مرکوز فیصلوں پر برازیل کی صدارت کے دوران پیشرفت ہوئی ہے۔

انہوں نے اِس پر اطمینان کا اظہار کیا کہ جی ٹوئنٹی نے پائیدار ترقیاتی اہداف کو ترجیح دی اور سب کی شمولیت والی ترقی، خواتین کی قیادت والی ترقی اور نوجوانوں کی قوت پر توجہ کی۔ انہوں نے بھوک اور غربت کے خلاف عالمی اتحاد کیلئے برازیل کی پہل کے تئیں بھارت کی حمایت کا اظہار کیا۔

وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ عالمی جنوب کے ممالک ، عالمی تنازعات کے سبب پیدا ہونے والے غذا ، ایندھن اور کیمیاوی کھادوں کے بحران سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ انہوں نے تاکیداً کہا کہ تبادلۂ خیال صرف اِسی صورت میں کامیاب ہوسکتا ہے، جب عالمی جنوب کے مسائل اور ترجیحات کو ذہن میں رکھا جائے۔ اِس سے قبل تقریب کے مقام پر برازیل کے صدر **Lula da Silva** نے وزیر اعظم مودی کا استقبال کیا۔

کئی عالمی لیڈر اور بین الاقوامی تنظیموں کے نمائندے اجلاس میں حصہ لے رہے ہیں اور اِس برس کی قرارداد سے متعلق ترجیحی شعبوں پر اپنے خیالات کا اظہار کررہے ہیں۔

اِس برس جی ٹوئنٹی **Summit** کا موضوع ہے، ''انصاف پر مبنی ایک پائیدار دنیا کی تشکیل'' ۔

**Summit** سے الگ وزیر اعظم نریندر مودی نے امریکی صدر جوبائیڈن ، سنگا پور کے وزیر اعظم لارینس **Wong** اور اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انٹونیو گتریس سمیت کئی عالمی لیڈروں سے بات چیت کی۔ آج رات وزیر اعظم مزید باہمی میٹنگیں کریں گے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نائیجریا کا اپنا دورہ مکمل کرنے کے بعد تین ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں آج صبح **Rio De Janeiro** پہنچے ہیں۔

تیسرے اور آخری مرحلے میں وزیر اعظم اِس ماہ کی **19** سے **21** تاریخ تک گیانا کا سرکاری دورہ کریں گے۔ **x**

## ***Home Minister Manipur***

وزیر داخلہ امت شاہ نے منی پور میں سکیورٹی کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے آج نئی دلّی میں سینئر حکام کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ ذرائع نے بتایا کہ مرکز، ریاست کیلئے سینٹرل آرمڈ پولیس فورسز **CAPF** کی اضافی پچاس کمپنیاں روانہ کر رہا ہے۔ وزیر داخلہ نے کل بھی سینئر عہدیداران کے ساتھ ایک میٹنگ میں منی پور میں سکیورٹی کی صورتحال کا جائزہ لیا تھا۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ سکیورٹی فورسز کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ منی پور میں امن وقانون کی صورتحال کو بحال کرنے کیلئے ضروری اقدام کرے۔ ریاست میں سکیورٹی کی صورتحال پچھلے چند دنوں سے انتہائی نازک ہے۔**x**

**Sitharaman Mumbai**

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج کہا کہ بینکوں کو چاہیئے کہ وہ MSMEs کو مالی سال 2025-26 کیلئے چھ اعشاریہ ایک دو لاکھ کروڑ روپئے اور مالی برس 2026-27 کیلئے سات لاکھ کروڑ روپئے کا قرض فراہم کرنے کا ہدف رکھیں۔ انھوں نے یہ بات آج ممبئی میں گیارھویں SBI بینکنگ اینڈ اکنامک کانکلیو سے کلیدی خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس کا موضوع تھا ''وکست بھارت کی خواہشات کو حقیقت بناتے ہوئے'' محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ 2013-14 میں بھارت دسویں سب سے بڑی معیشت کے طور پر ابھرا تھا۔ اس کے بعد معیشت میں تیزی کے ساتھ اضافہ ہوا اور 2021-22 تک یہ پانچویں مقام پر پہنچ گئی۔ انھوں نے اِس امید کا اظہار کیا کہ آئندہ چند برسوں میں بھارت تیسرے مقام پر پہنچ جائے گا۔x

**Jharkhand Maha Campaigning**

جھارکھنڈ اور مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم آج شام ختم ہوگئی۔ جھارکھنڈ میں 38 سیٹوں پر اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے اور مہاراشٹر میں تمام 288 سیٹوں کیلئے واحد مرحلے کی پولنگ بدھ کے روز ہوگی۔ سرکردہ سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈروں نے انتخابی مہم کے آخری دن رائے دہندگان کو راغب کرنے کی آخری لمحات کی کوششیں کیں۔ جھارکھنڈ میں اِس مرحلے میں 150 سے زیادہ انتخابی ریلیاں منعقد کی گئیں جس میں NDA اور آئی این ڈی آئی اے بلاک، دونوں کے لیڈروں نے اپنے امیدواروں کیلئے حمایت حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کی۔

**VC Bhupendra Singh**

پیش ہے ایک رپورٹ ..................

*انتخابی مہم میں دونوں جانب سے بڑے وعدے کیے گئے اور الزامات لگائے گئے۔ NDA کے لیڈروں نے بنگلہ دیشیوں کی مبینہ دراندازی، ہیمنت سورین سرکار کے تحت بدعنوانی، بے روزگاری اور ماہانہ رقم کی منتقلی کی اسکیم جیسے معاملات پر توجہ مرکوز کی۔ اسی دوران آئی این ڈی آئی اے بلاک نے خواتین کیلئے اچھی رقم فراہم کرنے کی گارنٹی، نوجوانوں کے روزگار، مرکز کے ذریعے جھارکھنڈ کے خلاف مبینہ امتیاز اور غیرمناسب رقوم کومختص کرنے کے معاملات کو اجاگر کیا۔ اس مرحلے میں کانٹے کے مقابلے کے خطے سنتھال اور Koyalanchal میں، اہم لیڈروں کی ریلیاں دیکھنے کوملیں۔ سینئر BJP لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں NDA کی انتخابی مہم ہوئی۔*

*NDA کے دیگر اسٹار مہم کاروں میں امت شاہ، یوگی آدتیہ ناتھ، شیوراج سنگھ چوہان، ہیمنتا بسوا سرما، چراغ پاسوان اور متھن چکرورتی نے پرزور ریلیاں کیں۔ دوسری جانب سینئر JMM لیڈر اور وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین، سینئر کانگریس لیڈر راہل گاندھی، ملکارجن کھڑگے اور RJD لیڈر تیجسوی یادو نے آئی این ڈی*

آئی اے بلاک کی کاوشوں میں بڑے پیمانے پر حصہ لیا۔
آکاشوانی نیوز رانچی سے کے کے لال، بھوپیندر سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو
خبروں کیلئے میں .......

مہاراشٹر میں BJP کے صدر اور مرکزی وزیر جے پی نڈّا نے نوی ممبئی، Akkalkot اور Karjat میں انتخابی میٹنگوں سے خطاب کیا جبکہ سینئر کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے ممبئی میں ایک پریس کانفرنس کی۔ NCP لیڈر شرد پوار نے پونے اور Ahilyanagar میں انتخابی مہم کی۔ چار ریاستوں میں 15 اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کیلئے بھی انتخابی مہم ختم ہوگئی ہے جہاں بدھ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ان میں اترپردیش میں 9 سیٹیں، پنجاب میں 4 اور کیرالہ اور اتراکھنڈ میں ایک - ایک سیٹ شامل ہے۔ اس کے علاوہ، مہاراشٹر کی ناندیڑ پارلیمانی حلقے میں بھی ضمنی انتخاب ہوں گے۔ جھارکھنڈ اور مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کے ساتھ ساتھ ضمنی انتخابات کیلئے ووٹوں کی گنتی سنیچر کے روز ہوگی۔x

## Rajnath Laos

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ آسیان - ڈیفنس منسٹرس میٹنگ پلس، (ADMM-Plus) میں شرکت کرنے کیلئے 20 سے 22 نومبر تک لاؤس کے شہر Vientiane کا سرکاری دورہ کریں گے۔ میٹنگ کے دوران وہ علاقائی اور بین الاقوامی سکیورٹی کے معاملات پر فورم سے خطاب کریں گے۔ اس تقریب کے موقع پر توقع ہے کہ وزیر دفاع امریکہ، چین، آسٹریلیا، جاپان، لاؤس، ملیشیا، نیوزی لینڈ، فلپائنز اور جنوبی کوریا کے شرکت کرنے والے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ باہمی میٹنگ کریں گے۔ اِن میٹنگوں کا مقصد اِن ممالک کے ساتھ باہمی دفاعی تعاون کو مزید مستحکم کرنا ہے۔ ایک بیان میں وزارتِ دفاع نے کہا کہ ADMM، آسیان میں اعلیٰ ترین دفاعی مشاورتی تعاون کا طریقہ کار ہے۔

ADMM-Plus آسیان رُکن ممالک کیلئے ہے جن میں برونئی، کمبوڈیا، انڈونیشیا، لاؤس، ملیشیا، میانما، فلپائنز، سنگاپور، تھائی لینڈ اور ویتنام اور اِس کے آٹھ مذاکراتی شراکت دار شامل ہے، جس کا مقصد سکیورٹی اور دفاعی تعاون کو مستحکم کرنا ہے۔ آٹھ مذاکراتی شراکت داروں میں بھارت، امریکہ، چین، روس، جاپان، جنوبی کوریا، آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ شامل ہیں۔x

## DEBROY MOURNING

آج نئی دلّی کے آکاشوانی کے رنگ بھون میں، وزیراعظم کی اقتصادی مشاورتی کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر Bibek Debroy کی یاد میں ایک تعزیتی تقریب منعقد کی گئی۔ ڈاکٹر Bibek Debroy اقتصادیات، ثقافت، سنسکرت ادب اور تاریخ کے شعبے میں اپنے اعلیٰ کام کیلئے معروف تھے۔ وزیر اعظم کے پرنسپل سکریٹری ڈاکٹر پی کے مشرا نے اُن کے ساتھ پالیسیوں پر کام کرنے، معیشت کے مختلف معاملات کے بارے میں تبادلہ خیال کرنے کے پرانے دنوں کو یاد کیا کہ کس طرح اُن پر توجہ مرکوز کی جائے۔

## Gahlot - BJP Join

دلّی کے سابق وزیر اور عام آدمی پارٹی کے لیڈر کیلاش گہلوت نے آج نئی دلّی میں بھارتی جنتا پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی۔ کل جناب گہلوت نے عام آدمی پارٹی سے استعفیٰ دے دیا تھا۔ عام آدمی پارٹی کے کنوینز اروند کیجریوال کے نام اپنے استعفے میں جناب گہلوت نے الزام لگایا تھا کہ سیاسی خواہشات ، عوام کے تیئں پارٹی کے عزائم پر غالب آگئی ہیں، جن کے سبب کئی وعدے ادھورے ہی رہ گئے ہیں۔ x

## SC - Delhi Pollution

سپریم کورٹ نے آج دلّی اور اُس کے آس پاس واقع ریاستوں کی متعلقہ حکومتوں سے کہا ہے کہ وہ Graded Response Action Plan (GRAP) کے چوتھے اسٹیج کے تحت پابندیاں عائد کرنے کیلئے فوری طور پر ٹیمیں تشکیل دے تاکہ قومی راجدھانی خطے میں آلودگی کی بدترین سطح کی صورتحال سے نمٹا جاسکے۔ جسٹس ابھے S. Oka اور Augustine George Masih کی ایک بینچ نے کہا کہ خواہ AQI چار سو پچاس سے نیچے ہی کیوں نہ ہوجائے، آلودگی کی روک تھام سے متعلق اقدامات پر عمل آوری جاری رہنی چاہیئے۔

سپریم کورٹ نے دلّی اور NCR کی حکومت سے یہ بھی کہا ہے کہ وہ 12ویں کلاس تک کے بچوں کیلئے فزیکل کلاسز روکنے کے سلسلے میں فوراً فیصلہ کرے۔

عدالت نے کہا ہے کہ یہ تمام ریاستوں کا آئینی فرض ہے کہ وہ اپنے شہریوں کیلئے آلودگی سے پاک ماحول میں زندگی گزارنے کو یقینی بنائے۔ اِس معاملے کی مزید سماعت کیلئے جمعہ کا دن مقرر کرتے ہوئے، بینچ نے کہا کہ متعلقہ ریاستی حکومتوں کی جانب سے سبھی ممکنہ کارروائی کی جانی چاہیئے تاکہ ہوا کے معیار کے بدترین اشاریے کو بہتر کیا جاسکے۔x

## Delhi Pollution

دلّی NCR خطے میں ہوا کا معیار مزید خراب ہوگیا ہے اور یہ آج شام سات بجے ہوا کے معیار کے اوسط اشاریے اے کیو آئی 495 کے ساتھ ''انتہائی خطرناک سے بھی زیادہ'' کی سطح کو پار کرگیا ہے۔ آلودگی کو کنٹرول کرنے سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق شہر کے کچھ حصوں میں AQI کی سطح 500 ریکارڈ کی گئی ہے۔ خطے میں ہوا کا معیار خراب ترین ہونے کی وجہ سے کئی ریل گاڑیوں کی آمد و رفت اور پرواز کی خدمات میں رخنہ پڑا ہے۔ بھارت کے محکمۂ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ دلّی اور NCR خطے میں اگلے دو دن کے دوران رات اور صبح کے وقت دھواں اور گھنی دھند چھائی رہے گی۔ x

## Janjatiya Gaurav Pakhwada Health and Sanitation

بھگوان برسا منڈا کی وراثت کی تقریبات کیلئے ملک بھر میں تعلیمی ادارے جن جاتیہ گورو پکھواڑہ منا رہے ہیں۔ ملک گیر پیمانے پر یہ تقریبات بھارت کی بیش بہا قبائلی ورثے اور قبائلی کمیونٹیز کے تعاون کو تعظیم پیش کرتی ہے۔

ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ حکومت نے قبائلی کمیونٹی کی ترقی اور بہتری کیلئے مختلف اسکیمیں شروع کی ہیں۔ پیش ہے ایک رپورٹ ..................

**VC Aman In Neita**

*قبائلی برادریوں کی بہتری مرکزی حکومت کی اہم توجہ کا مرکز رہی ہے۔ گذشتہ دہائی میں قبائلی علاقوں میں ڈیڑھ کروڑ سے زیادہ بیت الخلاء بنائے گئے ہیں۔ جس سے صفائی ستھرائی کی صورتحال بہتر ہوئی ہے نیز بیماریوں کے پھیلنے میں کمی آئی ہے۔ **Sickle Cell Anemia** کے مکمل خاتمے کے قومی مشن نے، جس کا آغاز پچھلے سال کیا گیا تھا، چار کروڑ **60** لاکھ سے زیادہ قبائلیوں کی اسکریننگ کی ہے۔ پی ایم-جن من کے تحت، **75** خاص طور پر خطرے سے دوچار قبائلی گروپوں **(PVTGs)** اور **45** لاکھ سے زیادہ خاندانوں کیلئے مختص کردہ **24** ہزار کروڑ روپئے، دور دراز کی قبائلی کمیونٹیز کیلئے زندگی کی شہ رَگ ہے۔ اِس سال حکومت نے قبائلی کمیونٹیز کی سماجی واقتصادی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے دھرتی آبا جن جاتیہ گرام اُتکرش ابھیان کا آغاز کیا ہے۔*

*اس کے تحت **63** ہزار گاؤوں کا احاطہ ہوتا ہے اور اس سے پانچ کروڑ قبائلی افراد استفادہ کرتے ہیں جس کا مقصد فوائد کی صد فیصد معموری ہے۔*

*آکاشوانی نیوز دلّی سے **Sumit Saha**، اَمن یادو کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں ..................*

***Chhattisgarh Tiger Reserve***

مرکزی حکومت نے چھتیس گڑھ کے گرو گھاسی داس- **Tamor Pingla** کو ملک کے **56**ویں ٹائیگر ریزرو کے طور پر نوٹیفائی کیا ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپندر یادو نے اِس فیصلے کی اطلاع دی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ ریزرو، جو دو ہزار **829** مربع کلومیٹر پر پھیلا ہوا ہے، ملک کے ٹائیگرس کو تحفظ عطا کرنے کی کوششوں میں ایک نیا سنگِ میل ہے۔ **x**

***Rev US - Ukraine Missile***

امریکہ کے صدر جوبائیڈن نے یوکرین کو امریکہ میں بنے ہتھیاروں کو روس کے اندرونی حصوں میں حملہ کرنے کیلئے استعمال کرنے کی اجازت دی ہے۔ مختلف میڈیا اداروں کی طرف سے یہ خبر سامنے آئی ہے۔ البتہ امریکہ نے اِس فیصلے کا باقاعدہ اعلان نہیں کیا ہے لیکن جرمنی کی حکومت کے ایک ترجمان نے آج کہا ہے کہ برلن کو اِس کی اطلاع دے دی گئی ہے۔ پولینڈ سمیت یوروپی لیڈروں نے روس کے اندرون مغربی اتحادیوں کی جانب سے سپلائی کئے گئے طویل دوری کے میزائلوں کو استعمال کرنے کے تعلق سے یوکرین پر عائد پابندی کو ختم کئے جانے کے واشنگٹن کے

فیصلے کے تئیں اپنی حمایت کا اظہار کیا ہے۔
اِدھر ہنگری کے وزیر خارجہ Peter Szijjarto نے اِس فیصلے کو حیرت انگیز حد تک خطرناک فیصلہ قرار دیا ہے۔
جرمنی کے چانسلر Olaf Scholz نے کہا ہے کہ وائٹ ہاؤس کے اِس فیصلے کے باوجود جرمنی اپنے طویل دوری والے میزائل Taurus یوکرین کو نہیں بھیجے گا۔

دوسری جانب Kremlin کے ترجمان Dmitry Peskov نے کہا ہے کہ امریکہ کے صدر Kyiv کو روس میں طویل دوری والے امریکی ہتھیاروں کو استعمال کرنے کی اجازت دینے کے اپنے فیصلے سے کشیدگی کو مزید ہوا دے رہے ہیں۔ امریکی میڈیا نے خبر دی ہے کہ روس کی جانب سے شمالی کوریا کی زمینی فوجوں کے ساتھ اپنے فوجیوں کو Kursk خطے میں تعینات کرنے کے فیصلے کے جواب میں یہ فیصلہ سامنے آیا ہے۔ x

## Germany - Visa

جرمنی نے اعلان کیا ہے کہ وہ اِس سال کے آخر تک ملازمت طلب کرنے والے تربیت یافتہ افراد کیلئے دو لاکھ ویزا جاری کرے گا، جوکہ پچھلے سال کے مقابلے 10 فیصد زیادہ ہے۔ یوروپ کی سب سے بڑی معیشت کو اب بھی لیبر کی زبردست کمی کا سامنا ہے اور یہاں فی الوقت تقریباً 13 لاکھ 40 ہزار اسامیاں ہیں۔ پچھلے برس برلن نے پوائنٹ پر مبنی ایک نظام اختیار کیا تھا ، جس کی وجہ سے پیشہ ور افراد اور یونیورسٹی کے گریجویٹس کیلئے اِس ملک میں داخل ہونا ، یہاں تعلیم حاصل کرنا اور ملازمت کی تلاش کرنا آسان ہوگیا تھا۔ یوروپی یونین سے باہر کے ملکوں کے تربیت یافتہ کارکنوں کو اب جرمنی میں اپنی اہلیت کو تسلیم کرائے بغیر داخلے کی اجازت حاصل ہوگئی ہے۔ یہ فیصلہ امیگریشن ضوابط میں سہولت دیئے جانے کے ایک سال بعد سامنے آیا ہے تاکہ لیبر مارکیٹ کو فروغ دیا جاسکے۔x

## Sri Lanka - President

سری لنکا کے صدر انورا کمارا Dissanayake دسمبر میں بھارت کا دورہ کریں گے۔ حال ہی میں مقرر کئے گئے وزیر خارجہ Vijitha Herath نے یہ بات بتائی۔ آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے، وزیر خارجہ نے بتایا کہ توقع ہے کہ صدر دسمبر کے وسط میں بھارت کا دورہ کریں گے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ صدر اپنے دورے کے دوران بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ تبادلۂ خیال کریں گے۔ صدر Dissanayake کو پچھلے ماہ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اپنے دورے کے دوران بھارت آنے کیلئے مدعو کیا تھا۔ سری لنکا کے صدر کا اپنا عہدہ سنبھالنے کے بعد کسی بھی ملک کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ اِس طرح بھارت کو اولیت دیئے جانے کی روایت کا سلسلہ جاری رہے گا۔ x

## CEO Jharkhand

جھارکھنڈ کے چیف انتخابی افسر کے روی کمارن نے امیدواروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ 20 نومبر شام پانچ بجے تک اپنے متعلقہ ریٹرنگ افسر کو کاؤنٹنگ ایجنٹ کی تفاصیل فراہم کردیں۔ چیف انتخابی افسر نے آج منظور شدہ تمام پارٹیوں کے نمائندوں کے ساتھ ایک میٹنگ کی ہے۔ میٹنگ میں جناب کمار نے اطلاع دی ہے کہ کاؤنٹنگ مراکز کے

اندر کاؤنٹنگ ایجنٹ کو موبائل ، Calculator اور ڈیجیٹل گھڑی جیسی کوئی بھی الیکٹرانک Devices اندر لے جانے کی اجازت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاؤنٹنگ ایجنٹ کو اپنے ساتھ کاؤنٹنگ ہال کے اندر صرف ایک قلم اور ایک Notepad لے جانے کی اجازت ہے۔ x

### Punjab SWC

پنجاب کے ریاستی خواتین کمیشن نے کانگریس کے ایم پی اور سابق وزیر اعلیٰ چرن جیت سنگھ چنّی کے خلاف خواتین اور کچھ برادریوں کے خلاف مبینہ ریمارکس پر اپنے طور پر نوٹس لیا ہے۔ کمیشن نے انہیں ایک نوٹس بھیج کر پوچھا ہے کہ کیوں نہ ان کے خلاف کارروائی کی جائے۔ چرن جیت سنگھ چنّی نے Muktsar کے Gidderbaha اسمبلی حلقہ میں ایک سیاسی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مبینہ طور پر نامناسب اور قابل اعتراض ریمارکس استعمال کئے ہیں۔ یہاں 20 نومبر کو ضمنی چناؤ ہونا ہے۔ کمیشن نے معاملے کی وضاحت کیلئے چنّی کو کمیشن کے سامنے پیش ہونے کو کہا ہے۔ x

### India GDP

بھارت نے 2024 کیلئے مجموعی گھریلو پیداوار GDP کی ظاہر کی گئی سات فیصد کی متاثر کن شرح کے ساتھ جی ٹوئنٹی میں سبقت حاصل کرلی ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں MyGov نے کہا ہے کہ یہ حصولیابی بھارت کی زبردست معیشت کو ظاہر کرتی ہے، جس سے عالمی چیلنجوں کے درمیان اُس کی مزاحمتی قوت اور تیز رفتار ترقی کا اظہار ہوتا ہے۔ انڈونیشیا پانچ فیصد کے ساتھ دوسرے مقام پر اور چین چار اعشاریہ آٹھ فیصد کی شرح ترقی کے ساتھ تیسرے مقام پر ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆